www.understandquran.com

سبق - 2

عقائد اللہ تعالیٰ کے ہم پر بے شمار احسانات ہیں، اسی نے ہمیں پیدا کیا اور وہی ہمیں رزق عطا کرتا ہے، اس کے علاوہ کوئی نہیں جو ہمیں رزق دے سکے یا ہماری ضرورتوں کو پورا کر سکے۔

حدیث رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

إِنَّ مِنْ أَحَبِّكُمْ إِلَيَّ أَحْسَنَكُمْ أَخْلَاقًا (بخاری:3759)

ترجمہ: یقیناً میرے نزدیک تم میں سے سب سے زیادہ پسندیدہ شخص وہ ہے جو اخلاق کے اعتبار سے تم میں سب سے اچھا ہو۔

دعا رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ (المؤمنون:118)

سیرت رسول ﷺ ہمیں یہ بات ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے کہ ہمارا رول ماڈل کوئی ایکٹر، کوئی کھلاڑی یا کوئی مالدار انسان نہیں بلکہ ہمارا حقیقی رول ماڈل اللہ کے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ ہیں۔

اخلاق و آداب لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (الاحزاب: 21)

ترجمہ: البتہ تحقیق تمہارے لیے اللہ کے رسول میں بہترین نمونہ ہے۔

گھر پر رہنے کے آداب:

1. گھر میں داخل ہوتے وقت سلام کرنا
2. اپنی چیزیں (جیسے کپڑے، بستہ، جوتے وغیرہ) جگہ پر رکھنا "جب کا جب جہاں کا وہاں!"
3. ایک ٹائم ٹیبل بنا کر اس پر عمل کرنا، تاکہ تمام ضروری کام وقت میں پورے ہو جائیں
4. امی اور ابو کی فرماں برداری کرنا اور انہیں ناراض نہ کرنا، انہیں خوش کرنے کے لیے موقع تلاش کرتے رہنا
5. رات میں جلدی سونا اور صبح جلدی اٹھ جانا